© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تبصرۂ کتب

۱۔ لمحات النظر فی سیرت الامام زفر
۲۔ بلوغ الامانی فی سیرت الامام محمد بن حسن الشیبانی۔
۳۔ حسن التقاضی فی سیرت الامام ابی یوسف القاضی۔
۴۔ الحاوی فی سیرت الامام ابی جعفر الطحاوی

تالیف۔ علامہ محمد زاہد الکوثری المصری
پتہ۔ ایچ۔ ایم سعید کمپنی۔ ادب منزل
پاکستانی چوک۔ کراچی
صفحات:۔ ۴۰، ۸۴، ۱۰۲، ۴۴

یہ چاروں عربی رسالے علامہ زاہد الکوثری مصری کے شاہکار تصانیف ہیں۔ علامہ کوثری مصر کے نہایت جلیل القدر شخصیتوں سے ہیں۔ تحقیق و تمحیص ان کا حصہ ہے۔ کتب تاریخ کی جزئیات تک پر ان کی نظر نہایت وسیع ہے۔ جب لکھتے ہیں تو ہر پہلو پر سیر حاصل بحث کرتے ہیں۔ استاد ابوزہرہ مصری جو متعدد تحقیقی اور تنقیدی کتابوں کے مصنف ہیں علامہ کوثری کے شاگرد ہیں۔ علامہ کوثری عربی کے زبردست انشا پرداز ہیں۔ زور کلام، روانی سخن اور خطابت ان کی تحریر کا جوہر ہے۔ علامہ کوثری تحقیق و ریسرچ کی خشک وادی کو اپنے خامہ آفرین قلم سے باغ و بہار بنا دیتے ہیں۔ ادب فقہ۔ اصول فقہ۔ حدیث تفسیر روایات اور رجال و اشخاص پر ان کو مکمل عبور حاصل ہے۔ زیر تبصرہ رسالے مختصر ہونے کے باوجود جامع ہیں جن میں ان کی تحقیق و تنقید نے کسی بڑے سے بڑے شخص سے بھی رعایت نہیں برتی۔ انہوں نے سب کے اقوال پرکھے۔ نقد و نظر کی کسوٹی پر کستے اور پھر خود جو رائے قائم کی بلا خوف لومۃ لائم صفائی کے ساتھ اسے بیان کر دیا۔ نطق و فکر کی یہ بیباکی بہت بڑی نعمت ہے۔ جس سے خدا نے انہیں نوازا ہے۔

ایچ۔ ایم سعید کمپنی نے نہایت دیدہ زیب اور خوبصورت طباعت کے ساتھ شائع کر کے علمی ادبی، تاریخی، فقہی اور قانونی حلقوں پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ خدا کرے کہ اہل علم زیادہ سے زیادہ اس سے فائدہ حاصل کر سکیں۔



© rasailojaraid.com